سوال

(141) مشہور ہے کہ کوڑھی (یعنی جس کے جسم پر سفیدی آگئی ہو)..الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

یہاں پر یہ کہاوت مشہور ہے کہ کوڑھی (یعنی جس کے جسم پر سفیدی آگئی ہو) مرنے کے بعد گلتا سڑتا نہیں ہے اور اس کے ناخن، بال بڑھتے جاتے ہیں کیا یہ صحیح ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ کہاوت غلط ہے ہاں صحیح حدیثوں سے انبیاء کرام کے متعلق ثابت ہے کہ ان کا جسم اطہر محفوظ رہتا ہے۔

((واسحٰق ابن عبد البر بھم الشھداء والقرطبی المؤذن المحتسب واراد غیرہ الصدیقین والعلماء العاملین وحامل القرآن العامل بہ والمرابط والمیت بالطاعون صابرا محتسبا والمکذبین ذکر اللہ والمحبین لہ فتلک عشرۃ کاملۃ زرقانی علی المؤطا))) (محدث دہلی جلد نمبر ۸ ش نمبر ۱۲)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 05 ص 251

محدث فتویٰ